BRAMPTON Flower City brampton.ca

media release

13 دسمبر 2018

برامپٹن 2019 کمیونٹی گرانٹ پروگرام میں درخواستوں کی وصولی جاری ہے

برامپٹن، آن - سٹی آف برامپٹن 2019 کمیونٹی گرانٹ پروگرام کے ذریعے مقامی کمیونٹی تنظیموں کو مالی معاونت کی پیشکش کر رہا ہے۔ برامپٹن میں موجود غیر منافع بخش تنظیمیں اور رجسٹر شدہ خیراتی ادارے (چیرٹیز) جو اس پروگرام کی شرائط پر پورا اترتے ہوں، کو 31 جنوری 2019 تک درخواستیں جمع کرانے کی دعوت دی جاتی ہے۔

مالی معاونت کے شعبے

- تہوار اور تقریبات
- فنون اور ثقافتی پروگرام، پروجیکٹس اور صلاحیتوں میں اضافہ کرنے کے پروگرام
- تفریح اور فعال طرز زندگی
- سپورٹ ٹورزم کی میزبانی
- پڑوس کی ترغیبات
  - *نوٹ: پڑوس سے محبت سازی کے پروگراموں میں درخواستیں وصول کرنے کا آغاز مورخہ 3 جنوری 2019 سے ہو گا۔ درخواستوں کا جائزہ تقویمی سال کے ختم ہونے تک ہر مہینے کے اختتام پر لیا جائے گا یا جب تک منظورہ شدہ رقم مکمل طور پر ختم نہیں ہو جاتی۔*

دلچسپی رکھنے والے درخواست دہندگان پروگرام کے بارے میں مزید معلومات کمیونٹی گرانٹ کوآرڈینیٹر کے ساتھ ملاقات کر کے (بذریعہ اپوائنٹمنٹ) حاصل کر سکتے ہیں یا وہ معلوماتی نشتوں میں بھی تشریف لا سکتے ہیں۔ یہ معلوماتی نشتیں 17 دسمبر 2018 تا 24 جنوری 2019 تک پورے برامپٹن کے مقامی تفریحی مراکز میں منعقد کی جائیں گی۔ اوقات اور معلومات کے لیے، ملاحظہ کریں www.brampton.ca/communitygrants.

میئر پیٹرک براؤن نے کہا کہ "برامپٹن کی کمیونٹی تنظیمیں ہمارے شہر کی مرتعش ثقافتی زندگی میں بہت بڑا کردار ادا کرتی ہیں"۔ انہوں نے مزید کہا کہ "کمیونٹی گرانٹ پروگرام کے ذریعے شہریوں کی من پسند تقریبات کے لیے براہ راست اور زبردست معاونت فراہم کی جاتی ہے"۔

مقامی تنظیموں کو گرانٹ کے لیے درخواستوں کی تیاری میں درکار مہارتوں کو فروغ دینے اور مالی معانت حاصل کرنے کے بارے میں مزید معلومات فراہم کرنے کے لیے سٹی انتظامیہ 'ورک اِن کلچر' کے ساتھ مل کر دو ورکشاپس منعقد کرنے کا بندوبست کرے گا:

- ***اسپانسرشِپ حاصل کرنے کے راز،*** از جَیسن میغانوو
  مورخہ 7 جنوری 2019 کو بوقت شام 6-9 بجے تک، برامپٹن لائبریری، سائرل کلارک برانچ، 20 لوفرز لیک برانچ، برامپٹن، آن L6Z 1X9
- ***گرانٹس حاصل کرنے کے گُر101*** از ڈیانے ڈیوی
  مورخہ 12 جنوری 2019 کو دن 10-1 بجے تک، سٹی ہال ویسٹ ٹاور، 55 جارج اسٹریٹ ساؤتھ، برامپٹن، آن L6Y 1L9

جگہ محدود ہے، لہٰذا رجسٹریشن لازمی ہے ورکشاپ میں رجسٹریشن یہاں www.brampton.ca/communitygrants پر دستیاب ہے۔

کمیونٹی گرانٹ پروگرام کی ترجیح کمیونٹی کی ایسی سرگرمیوں میں معاونت فراہم کرنا ہے جن کا بنیادی مقصد برامپٹن کی متنوع کمیونٹیوں کی تقریبات منعقد کرنا ہوتا ہے اور اس کے علاوہ شہریوں کی شمولیت کی حوصلہ افزائی کرنا اور کمیونٹی کی وابستگی اور شہری فخر میں اضافہ کرنا ہوتا ہے۔ مالیاتی منظوریوں کی سفارشات کو فروری 2019 میں سٹی کونسل کے سامنے پیش کیا جائے گا۔

30--

media release

برامپٹن بڑا سوچ رہا ہے۔ ہم تیز توجہ کے ساتھ مستقبل کے لیے تیار ایک تنظیم ہیں۔ ہم جانتے ہیں کہ ہماری کمیونٹی کی بڑھوتری، نوجوانی اور تنوع ہمیں سب سے علیحدہ کرتی ہیں۔ ہم کینیڈا کے انوویشن سپر کوریڈور کے مرکز میں موجود ہیں، جو سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی کرتا ہے اور ہماری عالمی کامیابی کو بڑھاتا ہے۔ ہم متنوع اربن سینٹرز تعمیر کر رہے ہیں، جو یہاں رہنے اور کام کرنے والے لوگوں کے لیے مواقع اور ان میں فخر کا جذبہ پیدا کرتے ہیں۔ ہم برامپٹن کو ایک ایسے مربوط شہر بنانے کی جانب آگے بڑھا رہے ہیں، جو جدت پسند، جڑا ہوا اور نڈر ہو۔ ہمیں ٹوئٹر اور فیس بک پر فالو کریں۔ www.brampton.ca پر مزید جانیں۔

میڈیا کنٹیکٹ
مونیکا ڈوگل
کوآرڈینٹر، میڈیا اینڈ کمیونٹی انگیجمنٹ
اسٹریٹیجک کمیونیکشن
سٹی آف برامپٹن
905-874-3426 | Monika.Duggal@brampton.ca